غزہ پٹی پر اسرائیل کے وحشیانہ حملوں میں بے گناہ فلسطینی بچوں ، مردوں اور خواتین کےقتل عام اور بین الاقوامی اداروں اور علاقائی ممالک کی خاموشی پر رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے پیغام صادر کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

امت بزرگ اسلام ، ایران کےعزیزعوام

غزہ میں رونما ہونے والے خونی واقعات اس قدر دردناک ہیں کہ ان کے غم کی سنگینی کو قلم اور زبان کے ذریعہ بیان نہیں کیا جاسکتا۔ غزہ کے کئی مہینے کے محاصرے کے بعد اب اسرائیل نے فلسطینی بچوں ،عورتوں اور مردوں کو ان کے گھروں میں بڑی قساوت اور شقاوت کے ساتھ ذبح کرنا شروع کردیا ہے نونہال بچے اپنے ماں باپ کے سامنے اور ماں ،باپ اپنے معصوم بچوں کے سامنے غاصب دشمن کی کینہ اور دشمنی کی آگ میں جل رہے ہیں ۔انسانی تمدن اور دوستی کے مدعی اسرائیل کے وحشیانہ جرائم کا بڑے اطمینان کے ساتھ نظارہ کررہے ہیں حتی بعض ممالک تو اسرائیل کی انسان سوز کارروائیوں پر خوشحالی کا اظہار بھی کرتے ہیں اسرائیل کے ان وحشیانہ حملوں کے مقابلے میں عالم اسلام کی خاموشی کسی صورت میں جائز نہیں ہے۔

امت اسلامی کو قیام کرنا چاہیے اور اسلامی ممالک کے رہنما ؤں کوامت اسلامی کے غیض و غضب کو اسرائیل کی غاصب حکومت کے منہ پرمارنا چاہیے ۔امریکی حکومت کا ہاتھ بھی فلسطین کے مظلوم عوام کے خون سے رنگین ہے۔ امریکی ظالم اور مستکبرحکومت کے تعاون سے ہی صہیونیوں نے فلسطینیوں پر قافیہ حیات تنگ کررکھا ہےاور ان کے خلاف وحشیانہ جرائم کا ارتکاب کررہے ہیں، اسلامی ممالک اور امت اسلامی ، فلسطین کے مظلوم عوام کی آواز دنیا کے گوشے گوشے تک پہنچائیں اور سوئےہوئے ضمیروں کو بیدارکریں ۔ کیا امریکی عوام جانتے ہیں کہ ان کے حکمراں صہیونیوں کے لئے انسانی حرمت اور انسانی حقوق کو قربان کررہے ہیں؟ کیا یورپی عوام جانتے ہیں کہ ان کے ممالک پر صہیونی سرمایہ داروں نے تسلط قائم کرکے ان کے سیاستمداروں کو کہاں لےگئے ہیں ؟

یہ کوئی اتفاقی اور نگہانی امر نہیں ہے کہ ایک طرف اسرائیل کی فلسطینوں کے خلاف فوجی کارروائی اور دوسری طرف سامراجی نظام کے زیر اثر ایک علاقے میں پلید ہاتھوں اور شیطانی سازشوں کے ذریعہ اسلامی مقدسات اور حضرت رحمۃ للعالمین کی ذات مقدس کی بے حرمتی و توہین کی جاتی ہے جو تمام بشریت کے لئے رحمت اور الہی پیغام لے کر آئے ہیں، ہاں یہ اسلام ہے جس نے اپنے پیغام کے ذریعہ قوموں اورانسانوں کو عزت و کرامت کی روح عطا کی اور ظالموں کے ظلم سےنجات کا راستہ دکھایا، جس نے مستکبروں کو لرزا بر اندام کردیا اور مسلمان ملتوں کی دشمنی اور کینہ کی آگ کو ان کے دل میں شعلہ ور اور ان کی حرکتوں کو دیوانوں کے مانندبنادیا ہے۔

اب سرکش مستکبروں کو جان لینا چاہیےکہ وہ ظلم و ستم اور درندگی و خشونت کے ذریعہ امت اسلامی میں بڑھتی ہوئی بیداری کو روک نہیں سکیں گےاوراسرائیلی خوں خواروں کے مقابلے میں فلسطینی عوام کی دلیرانہ، پائدار اور شجاعانہ جد و جہد اس دعوے کی زندہ دلیل ہے۔ اس لڑائی کا نتیجہ ، باطل پر حق کی فتح کی صورت میں ہوگا۔ جیسا کہ ارشاد ہوتا ہے: فانتقمنها من الذین اجرمواو کان حقا علینا نصر المؤمنینہ

میں غزہ کے مظلوم اور دلیر پیر و جواں ، مرد و حواتین اور پارہ پارہ ہونے والے بچوں پر درود و سلام بھیجتا ہوں اور خداوند متعال کی بارگاہ سے ان کے لئے صبر اور کامیابی طلب کرتا ہوں۔

والسلام علیکم و رحمۃ اللہ

سید علی خامنہ ای

12/12/86

مطابق